# عورت کا ذکر کی مِکس گیدرنگ میں جاناکیسا؟

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُولِ اللّٰہِ

الاستفتاء: کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیانِ شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ کیا عورت کسی ایسی ذکر کی محفل میں جاسکتی ہے جہاں مرد اورعورتیں اکٹھے ذکر کرتے ہوں اور عورت فُل پردے میں ہو۔اگر جواب کے ساتھ حوالے بھی دے دئیے جائیں تو بہترہوگا ۔

سائل:زبیر (انڈیا)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلْجَوَابُ بِعَونِ المَلِکِ الوَھَّاب اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ لِیَ النُّوْرَوَالصَّوَاب

ایسی ذکر کی محفل میں جاناجائز نہیں جس میں مرد اور عورتیں اکٹھے ایک جگہ پر ذکر کرتے ہوں ہاں اگر مردوں کی جگہ عورتوں سے جدا ہے کہ عورتوں کی آواز مردوں تک نہیں پہنچتی تو ایسی محفلِ ذکر میں جانے میں حرج نہیں ۔کیونکہ بالغہ لڑکیوں کا اجنبی مردوں سے پردہ ہے اوراسی طرح بالغ لڑکوں کا بالغہ اجنبیہ عورت سے پردہ ہے اجنبی عورت کی طرف نظر کرناناجائز ہے۔نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسے ابلیس کے زہر بُجھے ہوئے تیروں میں سے ایک تیر قرار دیا۔

**"نَظَرُ الْمُؤْمِنِ إِلَى مَحَاسِنِ الْمَرْأَةِ سَهْمٌ مِنْ سِهَامِ إِبْلِيسَ مَسْمُومٌ، مَنْ تَرَكَهَا مِنْ خَشْيَةِ اللهِ وَرَجَاءَ مَا عِنْدَهُ أَثَابَهُ اللهُ بِذَلِكَ عِبَادَةً تَبْلُغُهُ لَذَّتُهَا"**مومن کا عورت کے محاسن کی طرف نظر کرنا شیطان کے زہر سے بجھے ہوئے تیروں میں سے ایک تیر ہے جو اللہ عزوجل کے خوف اور ثواب کی امید سے عورت کی طرف دیکھنے باز رہا تو اللہ عزوجل اسے ایسی عبادت عطافرمائے جس کی لذت وہ پائے گا۔

(حلیۃ الاولیا ج6 ص 101 )

جب عورتوں کا مسجد میں نمازکے لیے جانا ناجائز ہے تاکہ وہاں مردوں میں عورتوں کا اختلاظ نہ ہو تو مخلوط محفل ِذکر میں جانے کی کہاں سے اجازت ہوگی حالانکہ سرکارِ مدینہ صلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی حیاتِ ظاہری کے دَور میں عورَت مسجِد میں با جماعت نَمازیں ادا کرتی تھی پھر حالات کی تبدیلی کے سبب عُلَمائے کرام نے عورَتوں کو مسجِد کی حاضِری سے مَنْع فرما دیا ۔

جیسا کہ میرے آقا اعلیٰ حضرت امام اہلسنت امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں:'' مساجِد سے بہتر عام محفِل کہاں ہو گی ! اور ( مسجِد کی نَماز میں) سِتْربھی کیسا کہ (نَماز کے دَوران ) مَردوں کی اُدھر ایسی پیٹھ کہ (وہ عورَتوں کی طرف) مُنہ نہیں کر سکتے اور انہیں( یعنی مَردوں کو یہ بھی )حکم کہ بعدِ سلام جب تک عورَتیں(مسجِد سے باہَر) نہ نکل جائیں نہ اُٹھو۔ مگر عُلَما نے اوَّلاً کچھ تَخْصِیصَیں کیں( یعنی کچھ شرائط مقرّر فرمائیں ) جب زمانہ فِتَن کا(یعنی فتنوں کا دور) آیا( عورَتوں کی حاضِری کو) مُطْلَقًا ناجائز فرمایا ۔

( فتاوٰی رضویہ ج ٢٢ ص ٢٢٩)

عنایۂ اِمام اَکملُ الدّین بابَرتی میں ہے کہ اَمِیرُ الْمُؤمِنِین فاروقِ اعظم رضی اﷲ تعالیٰ عنہ نے عورَتوں کو مسجد سے منع فرمایا، وہ اُمُّ الْمُؤمِنِین حضرتِ صِدّیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے پاس شکایت لے گئیں، سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالی عنہ نے دیا کہ **«لَوْ أَنَّ رَسُولَ**

اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأَى مَا أَحْدَثَ النِّسَاءُ لَمَنَعَهُنَّ الْمَسْجِدَ كَمَا مُنِعَتْ نِسَاءُ بَنِي إِسْرَائِيلَ"آپ نے فرمایا کہ اگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دیکھتے جو آج عورتوں احداث کیا ہے تو وہ ضرور عورتوں کو مسجد سے روک دیتے جیسے بنی اسرائیل کی عورتیں روک دی گئیں۔

[الصحیح المسلم باب خروج النساء الی المساجد ص183 رقم445]

جب عورتوں کو مردوں کی وجہ سے مسجدوں میں نماز پڑھنے سے روک دیا گیا حالانکہ نماز سب سے اہم فریضہ ہے تو ذکر جو کہ ایک مستحب کام ہے توکیسے ایک مستحب کام کے لیے عورتوں کو مردوں کی محفلِ ذکر میں جانے کی اجازت دی جائے گی

عورتوں کو چاہیے کہ وہ گھر میں ہی ذکر کریں کہ یہ سب سے افضل ہے اور اس میں بھی جس قد رزیادہ پوشیدہ ہوکر ذکر و نماز پڑھے گی اس قدر افضل ہے جیسا کہ حدیث میں آیا کہ "عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:"صَلَاةُ الْمَرْأَةِ فِي بَيْتِهَا أَفْضَلُ مِنْ صَلَاتِهَا فِي حُجْرَتِهَا، وَصَلَاتُهَا فِي مَخْدَعِهَا أَفْضَلُ مِنْ صَلَاتِهَا فِي بَيْتِهَا"

عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ”عورت کی اپنے گھر کی نماز اس کی اپنے صحن کی نماز سے افضل ہے، اور اس کی اپنی کوٹھری کی نماز اس کے اپنے گھر کی نماز سے افضل ہے۔

[سنن ابی داود باب التشديد في ذلك رقم 570]

وَاللهُ تَعَالٰی اَعْلَمُ وَرَسُوْلُہٗ اَعْلَم عَزَّوَجَلَّ وَ صَلَّی اللهُ تَعَالٰی عَلَيْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

**کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری**

Date:11-9-2018

**How is it for women to attend mixed gatherings?**

الحمد لله والصلوة والسلام على رسول الله

**QUESTION:**

**What do the scholars of the Dīn and muftīs of the Sacred Law state regarding the following issue: Can a woman go to such a Dhikr gathering where both males and females are doing Dhikr together, and the woman be in full veiling? It would be great if you could please bless us with proofs alongside the answer.**

Questioner: Zubair from India

**ANSWER:**

بسم الله الرحمن الرحيم

الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَھاب اللھم ھدایۃَ الحَق والصواب

It is not permissible to attend such a Dhikr gathering in which males and females are performing Dhikr in the same place. Yes, if the area for men is separate to that of the females, such that the voice of the females does not reach the males, thus there is no problem in going to such gathering. This is because there is a veil in the eyes of Sharī'ah between mature girls [i.e. those of the age of puberty] and non-Mahram men, and likewise, there is a veil according to Sharī'ah between mature boys and mature non-Mahram females; it is impermissible to look at a non-Mahram female. The Noble Prophet ﷺ has regarded this as one of the arrows amongst the poisoned arrows of Satan.

"نَظَرُ الْمُؤْمِنِ إِلَى مَحَاسِنِ الْمَرْأَةِ سَهْمٌ مِنْ سِهَامِ إِبْلِيسَ مَسْمُومٌ، مَنْ تَرَكَهَا مِنْ خَشْيَةِ اللهِ وَرَجَاءَ مَا عِنْدَهُ أَثَابَهُ اللهُ بِذَلِكَ عِبَادَةً تَبْلُغُهُ لَذَّتُهَا"

"A believer looking towards the beauties of a woman is one of arrows from the poisoned arrows of Satan. Whosoever refrains from looking at women out of the fear of Allāh Almighty and the hope of reward, so Allāh Almighty will bestow upon him such worship whose joy he will attain."

[Hilyah al-Awliyā', vol 6, pg 101]

When it is impermissible for women to go to the mosque for salāh so that there is no intermingling of males and females there, so how can it be permitted to go to a mixed Dhikr gathering. Even though women would pray [the 5 daily] salāh with congregation in the mosque during the blessed era of the physical life of the Master of Madīnah ﷺ, however the respected scholars prohibited the going of women to mosques to the situation of society.

Just as my master, Imām e Ahle Sunnat, Alā-Hazrat Imām Ahmad Razā Khān, may Allāh shower mercy upon him, states that how is a Masjid not better than normal gatherings! (Meaning, if women have been prohibited from going to the Masjid, which is such a revered place, then why would normal gatherings not be prohibited). And (in

relation to the Masjid during Salāh) what a great protocol has been undertaken regarding the matter of sitr, (meaning, how brilliant is the arrangement regarding veiling), that (during Salāh) the men have their backs facing that way that they can't even face (towards them women), and they (i.e. the men also) are commanded not to stand up after performing salām, until the women have left (the Masjid). However, the scholars specified (i.e. set certain conditions) from the onset (meaning, from the beginning of Islām), (however) when the time (i.e. the era) of fitnah [trials & tribulations, etc] came, it (the going of women to the Masjid) was generally regarded as impermissible.

[Fatāwā Ridawiyyah, vol 22, pg 229]

It is stated in 'Ināyah' Imām Akmal al-Dīn Bābartī that the Leader of the believers, Sayyidunā Fārūq Āzham, may Allāh Almighty be pleased with him, prohibited women going to the mosque. They complained to the Mother of the believers, Sayyidah 'Ā'ishah Siddīqah, may Allāh be pleased content with her, and she said in reply that,

«لَوْ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأَى مَا أَحْدَثَ النِّسَاءُ لَمَنَعَهُنَّ الْمَسْجِدَ كَمَا مُنِعَتْ نِسَاءُ بَنِي إِسْرَائِيلَ"

"Were the Holy Prophet ﷺ to see the matters which the women of this era have brought about, he ﷺ would definitely have prevented the women from coming to the Masjid, just like the women of Banī Isrā'īl were prevented."

[Sahīh Muslim, pg 183, Hadīth no 445]

When women have been prevented from going to the mosque due to men, even though salāh is the most important Fard [obligation], so, seeing as Dhikr is a Mutahabb [recommended] act, how can it be permitted for women to attend Dhikr gatherings for a Mustahhab act.

Women should pray Salāh in their homes only, and the more hidden & secretive they pray, the better it is, just as it has been mentioned in Hadīth,

"عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:"صَلَاةُ الْمَرْأَةِ فِي بَيْتِهَا أَفْضَلُ مِنْ صَلَاتِهَا فِي حُجْرَتِهَا، وَصَلَاتُهَا فِي مَخْدَعِهَا أَفْضَلُ مِنْ صَلَاتِهَا فِي بَيْتِهَا"

"It is narrated from (Sayyidunā 'Abdullāh bin Mas'ūd, may Allāh be pleased with him, that) the Noble Prophet ﷺ that he ﷺ stated that, 'It is better for a woman to pray Salāh in her home than for her to pray Salāh in her courtyard, and it is better for her to pray Salāh in a private room than for her to pray Salāh in her home.'"

[Sunan Abī Dāwūd, Hadīth no 570]

واللہ تعالی اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری

**Answered by Mufti Qasim Zia al-Qadri**
Translated by Haider Ali